اور نہ انسانی اطوار سے ، لہٰذا وہ لوگ کان کھول کر سن لیں جو ایک بار پھر ملک پر عورت کی حکومت مسلط کرنا چاہتے ہیں وہ قوم و ملت کے تقدیر سے کھیلنا چاہتے ہیں ۔ (غازی رحمن)

پنجاب کے جیل خانہ جات میں تعلیم قرآن کا اہتمام

گذشتہ سے پیوستہ رسالہ میں آپ نے سعودی عرب میں حفظ قرآن کرنے پر سزاؤں میں تخفیف کے فیصلہ پر شذرہ تحریر فرمایا تھا ۔

۱۔ آپ خوش ہوں گے کہ حکومت پنجاب نے بھی جیل میں قرآن کریم حفظ کر لینے پر چھ ماہ سزا معاف کرنے کا فیصلہ کر دیا ہے ۔ اس ضمن میں بندہ کی کوششوں کی کیا حقیقت ہے محض فضل اللہ سے ہے آپ کی اطلاع کے لئے سرکلر کی کاپی منسلک کر رہا ہوں ۔

۲۔ گذشتہ سال کا گوشوارہ جیل خانہ جات بھی منسلک کر رہا ہوں ، ہم جو کچھ کر سکتے ہیں ملاحظہ فرما لیجئے ۔ (جس میں اعداد و شمار کے لحاظ سے تفصیل سے کامیاب مساعی کا تذکرہ ہے)

۳۔ اس امر پر افسوس ہے کہ اصولی طور پر اس خدمت کی افادیت تسلیم کر لینے کے باوصف **صوبہ سرحد کی حکومت** نے فیصلہ نہیں کیا ۔

اس سلسلہ میں متعلقہ وزرائے کرام ، سیکرٹری امور داخلہ اور انسپکٹر جیل خانہ جات سے متعدد ملاقاتیں کر چکا ہوں اللہ کرے جلد فیصلہ کر دیں اور اس صوبہ میں بھی قرار واقعی خدمت کر سکوں ۔

(حافظ نذر احمد تعلیم القرآن خط و کتابت سکول)

ماہنامہ "الہدیٰ" کا اجراء

جامعہ حنفیہ اشرف العلوم رجسٹرڈ ہرنولی تحصیل وضلع میانوالی کی طرف سے ایک علمی ، دینی ، اصلاحی مجلہ "الہدیٰ" ماہنامہ کا ماہ جنوری ۱۹۹۰ء سے اجراء ہو چکا ہے ۔

تمام مسلمانوں سے پر زور اپیل ہے کہ وہ اس مذہبی پرچہ کا مفید مشوروں سے ، بہترین مضامین بھیج کر ، اور زیادہ سے زیادہ خریدار بنا کر تعاون کریں اور ثواب دارین حاصل کریں ۔

مولانا محمد یعقوب مہتمم اشرف العلوم
ہرنولی ۔ میانوالی